QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

# امام زرکشی رحمہ اللہ کے اصولی منہج کی روشنی میں قیاس پر اعتراضات کا تجزیہ

# *An Analysis of the Objections to Analogical Reasoning (Qiyās) in the Framework of Imam al-Zarkashī's Legal Methodology*

***Azeem Sarwar***
*MPhil Scholar, Riphah International University, Faisalabad Campus, Pakistan.*
*Email: sarwar.azeem4545@gmail.com*
***Muhammad Ishfaq***
*Lecturer, Riphah International University, Faisalabad Campus, Pakistan.*
*Email: muhammad.ishfaq@riphahfsd.edu.pk*

***Abstract***

*Analogical reasoning (Qiyās) holds a central place in Islamic jurisprudence as a means of deriving rulings for new cases based on established principles. However, not every Qiyās is accepted as valid; its soundness depends on its structure, the appropriateness of the 'illah (legal cause), and the consistency between the original case and the new case. Often, specific analogies contain errors or flaws in application, which lead scholars to raise objections—not to the principle of Qiyās itself, but to its incorrect use in a particular instance.Imam Badr al-Dīn al-Zarkashī (d. 794 AH), in his seminal work al-Baḥr al-Muḥīṭ, compiled and critically examined such objections with remarkable depth and precision. His discussion provides a rigorous framework for evaluating analogical arguments and identifying where a given Qiyās may go wrong in its practical or structural formulation.This article presents an analytical study of the objections recorded by al-Zarkashī that target the **implementation** of Qiyās rather than its **legitimacy**. It explores each objection's definition, categories, examples, and al-Zarkashī's responses, highlighting his critical methodology and contribution to legal theory.This research deepens our understanding of Qiyās not only as a tool of inference but also as a domain of nuanced scholarly critique. It is particularly beneficial for jurists and students of Usūl al-Fiqh seeking clarity on how analogical errors are identified and addressed within the Islamic legal tradition.*

**Key Words:** *Qiyās, Objections, Imam al-Zarkashī, al-Baḥr al-Muḥīṭ, Usūl al-Fiqh, Analogical Reasoning*

قیاس اسلامی فقہ میں ایک اہم استدلالی آلہ ہے جسے مجتہدین شرعی احکام کے استخراج میں استعمال کرتے ہیں۔ تاہم، ہر قیاس اپنی ساخت، علت، اور اصل و فرع کے باہمی تعلق پر قائم ہوتا ہے، جس کی صحت و سقم کا تعین ایک حساس اصولی معیار کے تحت کیا جاتا ہے۔ اس سطح پر بعض قیاسات میں فنی و اصولی خامیاں پیدا ہو جاتی ہیں جن پر اعتراضات وارد کیے جاتے ہیں۔ یہ اعتراضات قیاس کی حجیت کو نہیں، بلکہ کسی معین قیاس کی صحت کو چیلنج کرتے ہیں۔ امام بدر الدین زرکشی رحمہ اللہ (م794ھ) نے اپنی اصولی تصنیف "البحر المحیط" میں ان اعتراضات کو نہایت تفصیل، گہرائی اور تنقیدی بصیرت کے ساتھ جمع کیا۔ ان کا یہ کارنامہ قیاسی استدلال کی تطبیقی کمزوریوں کی علمی نشاندہی اور ان کے جوابات کے اصولی اصول کو ظاہر کرتا ہے۔ زیرِ نظر مقالے میں امام زرکشی کے اصولی منہج کی روشنی میں ایسے اعتراضات کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیا گیا ہے جو کسی قیاس کے اندر پائی جانے والی عملی یا ساختی غلطی کی نشان دہی کرتے ہیں۔ اس میں ہر اعتراض کی تعریف، اقسام، مثالیں اور امام زرکشی کی طرف سے پیش کردہ جوابات شامل کیے گئے ہیں۔ یہ مطالعہ نہ صرف اصول فقہ میں قیاسی استدلال کی فہم کو گہرا کرتا ہے، بلکہ امام زرکشی کے تنقیدی منہج اور اصولی

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

بصیرت کو بھی نمایاں کرتا ہے۔ اس سے مجتہدین اور اصولیین کے لیے قیاس کے درست استعمال اور اس پر وارد ہونے والے اعتراضات کی تہہ میں جانے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔

## قیاس کی لغوی تعریف

"قيس: قاسَ الشَّيْءَ يَقيسُه قَيْساً وَقِيَاسًا واقْتاسه وقَيَّسه إذا قدَّره عَلَى مِثَالِهِ"[1]

"کسی چیز کو کسی اور چیز پر ناپنا یا اندازہ لگانا"

"أنه تقدير شيء على مثال شيء آخر وتسويته به"[2]

"ایک چیز کا دوسری چیز کی مثال پر اندازہ کرنا اور اسے اس کے برابر کرنا"۔

اسی طرح مختار میں ہے

"(قَاسَ) الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ قَدَّرَهُ عَلَى مِثَالِهِ[3]

"ایک چیز کو دوسری پر قیاس کرنا یعنی اس کا اس کی، ثال سے اندازہ کرنا"

اسی وجہ سے ناپنے کے پیمانے کو بھی مقیاس کہا جاتا ہے اور جس کے ساتھ جوتوں کا اندازہ کیا جاتا ہے اسے بھی مقیاس کہا جاتا ہے۔ اسی طرح کہا جاتا ہے "فلان لا یقاس بفلان "یعنی فلاں فلاں کے برابر نہیں ہے۔

## قیاس کی اصطلاحی تعریف

قیاس کی تعریف ممکن ہے یا نہیں اس حوالے سے امام زرکشی رحمہ اللہ نے دونوں مؤقف ذکر کئے ہیں۔ پہلا مؤقف امام الحرمین رحمہ اللہ اور ابیاری رحمہ اللہ کا ہے۔ ان کے نزدیک قیاس کی تعریف ممکن نہیں کیونکہ یہ مختلف حقائق حکم، فرع، اصل اور علت پر مشتمل ہے۔ حکم قدیم ہے ، فرع اور اصل دونوں حادث ہیں۔ جبکہ حد حقیقی تبھی ممکن ہوتی جب یہ متحد الحقیقۃ ہوتے اور ان کی جنس اور فصول ذکر کی جاسکتیں۔ چنانچہ امام زرکشی رحمہ اللہ نے امام الحرمین رحمہ اللہ کا قول نقل فرمایا ہے:

"يتعذر الحد الحقيقي في القياس، لاشتماله على حقائق مختلفة: كالحكم فإنه قديم، والفرع والأصل فإنهما حادثان، والجامع فإنه علة"[4]

"قیاس کی حد حقیقی ممکن نہیں کیونکہ یہ مختلف حقائق پر مشتمل ہے جیسا کہ حکم قدیم ہے، فرع واصل دونوں حادث ہیں اور ان کے درمیان جامع علت ہے۔"

اور ابیاری رحمہ اللہ کا قول ذکر کیا ہے:

"الحقيقي إنما يتصور عما تركب من الجنس والفصل ولا يتصور ذلك في القياس."[5]

"حقیقی تعریف تبھی متصور ہوتی ہے جب وہ جنس اور فصل سے مرکب اور قیاس میں اس کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔"

ابن منیر رحمہ اللہ نے بھی ان کی موافقت کہ ہے کہ قیاس کی حد یعنی حقیقی تعریف ممکن نہیں۔ لیکن ان کے ہاں اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے نزدیک علت عدمی چیز ہے اور عدم حقیقی موجودی جنس وفصل سے مرکب نہیں ہوتا۔

دوسرا مؤقف اس کی حقیقی تعریف کے ممکن ہونے کا ہے اور جمہور کا کلام اسی کا تقاضا کرتا ہے۔ قیاس کی 13 اصطلاحی تعریفات امام زرکشی رحمہ اللہ نے ذکر کی ہیں۔ ان کے طرز سے واضح ہوتا ہے کہ ان نزدیک راجح تعریف پہلی ہے۔

پہلی تعریف ذکر کی ہے اور اسے محققین کی مختار قرار دیا ہے، جو کہ درج ذیل ہے:

"مساواة فرع لأصل في علة الحكم، أو زيادته عليه في المعنى المعتبر في الحكم"[6]

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

"فرع کا حکم کی علت میں اصل کے برابر ہونا، یا حکم میں موجود معنی معتبر میں اصل سے زائد ہونا"

اس تعریف کے حوالے سے فرمایا ہے کہ یہ تعریف قیاس صحیح کے ساتھ خاص ہے۔ اسی کے قریب ہے جو تعریف امام ابو بکر رازی رحمہ اللہ نے بیان فرمائی ہے کہ

"والقیاس: أن یحکم للشيء على نظیره المشارك له في علته الموجبة لحکمه"[7]

"اور قیاس یہ ہے کہ کسی چیز کا حکم اس کی نظیر پر لگایا جو اس کے ساتھ اس علت میں شریک ہو جو موجب حکم ہو"

## قیاس کی اہمیت

قیاس کی اہمیت کے بیان کے لئے امام زرکشی رحمہ اللہ نے امام الحرمین کا قول نقل کیا ہے کہ:

"الْقِيَاسُ مَنَاطُ الِاجْتِهَادِ، وَأَصْلُ الرَّأْيِ، وَمِنْهُ يَتَشَعَّبُ الْفِقْهُ وَأَسَالِيبُ الشَّرِيعَةِ، وَهُوَ الْمُفْضِي إلَى الِاسْتِقْلَالِ بِتَفَاصِيلِ أَحْكَامِ الْوَقَائِعِ مَعَ انْتِفَاءِ الْغَايَةِ وَالنِّهَايَةِ، فَإِنَّ نُصُوصَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ مَحْصُورَةٌ مَقْصُورَةٌ، وَمَوَاضِعُ الْإِجْمَاعِ مَعْدُودَةٌ مَأْثُورَةٌ، فَمَا يُنْقَلُ مِنْهَا تَوَاتُرًا فَهُوَ الْمُسْتَنِدُ إلَى الْقَطْعِ، وَهُوَ مُعْوِزٌ قَلِيلٌ، وَمَا يَنْقُلُهُ الْآحَادُ مِنْ عُلَمَاءِ الْأَعْصَارِ يَنْزِلُ مَنْزِلَةَ أَخْبَارِ الْآحَادِ، وَهِيَ عَلَى الْجُمْلَةِ مُتَنَاهِيَةٌ، وَنَحْنُ نَعْلَمُ قَطْعًا أَنَّ الْوَقَائِعَ الَّتِي يَتَوَقَّعُ وُقُوعَهَا لَا نِهَايَةَ لَهَا. وَالرَّأْيُ الْمَبْتُوتُ الْمَقْطُوعُ بِهِ عِنْدَنَا أَنَّهُ لَا تَخْلُو وَاقِعَةٌ عَنْ حُكْمِ اللَّهِ تَعَالَى مُتَلَقًّى مِنْ قَاعِدَةِ الشَّرْعِ وَالْأَصْلُ الَّذِي يَسْتَرْسِلُ عَلَى جَمِيعِ الْوَقَائِعِ الْقِيَاسُ"[8]

"اجتھاد کی بنیاد و محور قیاس ہی ہے اور یہی اصل رائے ہے۔ اسی سے فقہ اور شریعت کے اسالیب نکلتے ہیں اور وہ واقعات کے احکام کی تفاصیل تک پہنچانے والا بغیر کسی غایت و انتہاء کے۔ کتاب و سنت کی نصوص محدود ہیں اور اجماع کے مقامات بھی گنے چنے نقل کئے گئے ہیں۔ ان میں سے جو تواتر سے منقول ہیں وہ انتہائی کمیاب ہیں اور جن کو احاد کے طور پے علماء سے نقل کیا گیا ہے وہ اخبار آحاد کے درجے میں ہیں۔ یہ سب مجموعی طور پر متناھی ہیں اور ہم یقینی طور پر جانتے ہیں کی واقعات جن کا وقوع متوقع ہے غیر متناھی ہیں۔ یہ رائے یقینی اور قطعی ہے کہ کوئی بھی واقعہ اللہ تعالی کے حکم سے خالی نہیں ہو تا جس حکم کو شریعت کے قاعدہ سے اخذ کیا جاتا

ہے۔ اور شریعت کا ایسا اصل جو تمام واقعات کا احاطہ کئے ہوئے ہے، وہ قیاس ہے۔"

## امام زرکشی رحمہ اللہ کے اصولی منہج سے مراد

امام زرکشیؒ کا اصولی منہج سے مراد اس تحقیق میں وہ منظم فکری و علمی طریقِ کار ہے جو انہوں نے اصولِ فقہ کے مباحث، بالخصوص قیاس اور اس پر وارد ہونے والے اعتراضات کی توضیح و تجزیہ میں اختیار کیا۔ اس میں ان کا طرزِ استدلال، دلائل کی درجہ بندی، علت و حکم کے باہمی ربط کی توضیح، قیاس کی اقسام و شرائط کی تعیین، اور اعتراضات کی اصولی تقسیم و تنقیح شامل ہے۔ بالخصوص "البحر المحیط" میں انہوں نے قیاس پر وارد ہونے والے مختلف اعتراضات کو پہلے جامع اصولی عناوین کے تحت ذکر کیا، پھر ذیلی صورتوں کو ان عناوین میں ضم کر کے ایک منہجی اور منظم خاکہ پیش کیا۔ اس تحقیق میں "اصولی منہج" سے مراد انہی اصولی ضوابط، تقسیمات، اور منہجی اسلوب کا مطالعہ ہے جنہیں انہوں نے قیاس اور اعتراضاتِ قیاس کے باب میں اختیار کیا۔

## قیاس پر وارد ہونے والے اعتراضات

علم اصول الفقہ میں قیاس کو استنباطی دلائل کا بنیادی ذریعہ تسلیم کیا گیا ہے، اور اس کی صحت و قبولیت کے لیے فقہاء نے نہایت باریک اصولی بحثیں

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

کی ہیں۔انہی مباحث میں ایک نہایت اہم موضوع اعتراضات (الأسئلة أو الاعتراضات) ہے، جن کے ذریعے کسی قیاس کی بنیاد یا اس کے مقدمات پر تنقید کی جاتی ہے۔امام زرکشیؒ نے اپنی کتاب البحر المحیط میں قیاس پر وارد ہونے والے اعتراضات کو جامع انداز میں بیان فرمایا ہے۔اور اس سے پہلے اعتراض کی حقیقت اور اقسام پر بحث کی ہے۔

### اعتراض کی تعریف

امام زرکشی رحمہ اللہ نے اعتراض کی تعریف کی ہے:

"اعلم أن كل ما يورده المعترض على كلام المستدل يسمى (اعتراضا) لأنه اعترض لكلامه ومنعه من الجريان"[9]

" جان لو کہ وہ تمام باتیں جو معترض، دلیل پیش کرنے والے کے کلام پر وارد کرتا ہے،انہیں(اعتراض) کہا جاتا ہے، کیونکہ اس نے اس کے کلام کے سامنے آکر اسے جاری ہونے سے روک دیا۔"

یعنی اعتراض ہر وہ کلام ہے جو دلیل دینے والے کے قول کو روک دے اور اس کے تسلسل کو منقطع کر دے۔

یہ اصطلاحی تعریف صاحبِ خلاصة المآخذ کے حوالے سے یوں ذکر کی گئی ہے:

"الاعتراض عبارة عن معنى لازمه، [هدم] قاعدة المستدل، وهو جامع مانع"[10]

یعنی: اعتراض وہ معنیٰ ہے جس کا لازمہ یہ ہو کہ دلیل دینے والے کی بنیاد کو گرایا جائے۔ یہ تعریف جامع بھی ہے اور مانع بھی، یعنی ہر اعتراض کو شامل کرتی ہے اور غیر اعتراض کو خارج کرتی ہے۔

### اعتراضات کی اقسام

زرکشیؒ نے ایک معروف اصولی ترتیب کے مطابق اعتراضات کو دس اقسام میں بیان کیا ہے۔

"فساد الوضع، فساد الاعتبار، عدم التأثير، القول بالموجب، النقض، القلب، المنع، التقسيم، المطالبة، المعارضة"[11]

،اور زرکشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "ماعداہ داخل فیہ" یعنی جو کچھ ان اقسام کے علاوہ ہے، وہ انہی میں شامل ہو جاتا ہے۔ لیکن توضیح کرتے وقت امام زرکشی رحمہ اللہ نے ان کی چند ذیلی اقسام کو بھی مستقل قسم کے طور پر بیان کرتے ہوئے سولہ اعتراضات کو موضوع بحث بنایا ہے۔

### اصولی نکتہ

زرکشیؒ نے ایک نہایت باریک اور اہم بات یہ کہی کہ ان اعتراضات کا وارد ہونا اس معنیٰ میں نہیں کہ ہر اعتراض ہر قیاس پر وارد ہو سکتا ہے۔ بعض اعتراضات خاص قیاسات پر ہی وارد ہوتے ہیں، جیسا کہ "فساد الاعتبار" صرف ایسے قیاس پر وارد ہو گا جس میں علت کی معقولیت محلِ نظر ہو۔

یہ بات اس دعویٰ کو باطل کرتی ہے کہ اعتراضات قیاس کو بالکلیہ باطل کر دیتے ہیں، کیونکہ قیاس کبھی ایسا بھی ہوتا ہے جس پر کسی اعتراض کی گنجائش نہیں ہوتی۔

### مثالِ تمثیلی

زرکشیؒ نے نحو اور صرف کے علماء کی اس مثال کو قیاس پر منطبق کیا: جیسے صرفیوں نے کہا: "سألتمونیها" حروفِ زیادت کے لیے جامع ہے، یعنی حروفِ زیادت انہی حروف میں محدود ہیں، لیکن یہ ضروری نہیں کہ جہاں بھی یہ حروف آئیں وہ زائد ہی ہوں۔

اسی طرح، ہر اعتراض ہر قیاس پر وارد ہو، یہ ضروری نہیں، بلکہ قیاس کی نوعیت پر اعتراضات کی تطبیق ہوتی ہے۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

**پہلا اعتراض: نقض**

نقض سے مراد وہ اعتراض ہے جس میں مدعی علت کے دعوے پر یہ کہہ کر اعتراض کرے کہ: "یہ علت جس کو تم نے حکم کے لیے بنیاد قرار دیا ہے، وہ کسی ایک صورت میں پائی گئی، لیکن حکم وہاں موجود نہیں، لہٰذا یہ علت ناقص ہے۔"

زرکشی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اگرچہ یہ اعتراض آخر میں آتا ہے، لیکن چونکہ مناظرات میں سب سے زیادہ استعمال ہوتا ہے، اس لیے اس کو پہلے بیان کیا گیا۔ اس اعتراض کے جواب سے وہ تعارض بھی رفع ہو جاتا ہے جو احکام کے تضاد کی صورت میں پیدا ہوتا ہے، نیز علت کے ساتھ حکم کے تخلف کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔

**اہم بنیادیں:**

**1۔ علت کی اقسام:**

۱۔ منصوصہ قطعیہ: قطعی نص سے معلوم شدہ ۲۔ منصوصہ ظنیہ: ظنی نص سے معلوم شدہ ۳۔ مستنبطہ: اجتہاد سے اخذ کردہ

**2۔ حکم کے تخلف کی وجوہات:**

۱۔ مانع کی موجودگی ۲۔ شرط کے فقدان ۳۔ دونوں کے علاوہ

مجموعی طور پر نو(9) صورتیں بنتی ہیں، جس پر بارہ(12) سے زائد اقوال موجود ہیں۔[12]

**اقوال کی تفصیل**

**قول اول:** نقض مطلقاً قادح ہے، چاہے علت منصوصہ ہو یا مستنبطہ، حکم اگر تخلف کرے تو علت باطل ہے۔ یہ قول ابو اسحاق الاسفرائینی، امام الرازی، ابو الحسین البصری کا ہے

**دلیل:** علت اور حکم کا لزوم، اگر حکم نہ ہو تو علت بھی نہیں۔

**قول ثانی:** نقض مطلقاً قادح نہیں، حتیٰ کہ علت میں تخلف ہو، تو اس کا مطلب مانع یا شرط کا فقدان سمجھا جائے گا۔ یہ رائے اکثر احناف، مالکیہ، حنابلہ کی ہے۔ یعنی ان کے نزدیک علت کا حکم سے تعلق لفظی عموم سے مشابہ ہے، جیسے عموم کی تخصیص ہو سکتی ہے۔

**قول ثالث:** صرف مستنبطہ علت میں نقض قادح ہے، منصوصہ علت میں نقض معتبر نہیں۔ یہ موقف امام الحرمین، امام القرطبی کا ہے۔

**قول رابع:** منصوصہ علت میں نقض قادح ہے، مستنبطہ میں نہیں۔ یہ پہلے قول کے الٹ ہے۔ یعنی مستنبطہ علت میں اگر مانع یا شرط کی وجہ ہو تو قادح نہیں، منصوصہ میں قادح ہے۔ امام ابن الحاجب نے یہ قول نقل کیا۔

**قول خامس:** علت منصوصہ ہو یا مستنبطہ صرف مانع کی موجودگی میں نقض قادح نہیں۔ یہ موقف: امام البیضاوي، الهندي کا ہے۔

**قول سادس لابن الحاجب:** مستنبطہ علت: صرف مانع یا شرط کی موجودگی میں قادح نہیں۔

منصوصہ علت: اگر قطعی ہو تو قادح نہیں، اگر ظنی ہو تو ممکنہ تخصیص۔

**قول سابع بعض معتزلہ کا موقف:** علتِ وجوب یا حِلّ کو مخصوص کیا جانا قادح نہیں۔

**قول ثامن:** بعض متاخرین کے ہاں منقوض علت صرف مخالف کی دلیل پر اثر انداز ہوتی ہے۔

زرکشی رحمہ اللہ نے اس کو "حشو" قرار دیا۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

**قول تاسع:** ابو منصور کے ہاں منقوض علت سے استدلال کرنے سے روک دیا جائے گا، لیکن علت کو باطل نہیں کہا جائے گا:

**قول عاشر:** علت اگر مؤثر ہو تو نقض وارد نہیں ہو سکتا۔ یہ قول ابوزید کا ہے۔

**قول حادی عشر:** الغزالي کا موقف:

اس کی تین صورتیں ہیں:

استثناء کی صورت: علت میں تخصیص ہو سکتی ہے، علت باطل نہیں۔

تعارض کی صورت: علت قائم رہتی ہے، حکم معارض علت سے متاثر ہوتا ہے۔

شرط یا محل کی عدم موجودگی: علت پر اثر نہیں پڑتا، کیونکہ تخلف محل یا شرط کی وجہ سے ہے۔

**خلاصہ موقفِ زرکشی رحمہ اللہ**

زرکشی رحمہ اللہ ان تمام اقوال کو نقل کر کے محقق انداز میں تنقیدی تبصرہ فرماتے ہیں اور ان سے یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ:

"وحاصله أن النقض قادح فيما إذا لم يقدح فرق، أو لم يكن الحكم في الصورة مجمعا عليه، أو لم يكن ثابتا بقطعي، أو كان ثابتا بإجماع وفي محل النقض يعني تعارض العلة التي ذكرها المستدل ومنعها من الجريان. وإن لم يكن كذلك فالتوقف"[13]

" خلاصہ یہ ہے کہ 'نقض' (یعنی قیاس کو توڑنے کا اعتراض) اس وقت مؤثر اور قابلِ قبول ہوتا ہے جب ان تین باتوں میں سے کوئی نہ ہو، کوئی واضح فرق (جو علت کو مختص کرے) موجود نہ ہو یا جس صورت میں اعتراض کیا جا رہا ہے، وہاں حکم پر اجماع نہ ہو، یا وہ حکم قطعی دلیل سے ثابت نہ ہو یا اگرچہ حکم اجماع سے ثابت ہو، مگر 'محلِ نقض' (یعنی جس جگہ اعتراض ہو رہا ہے) میں وہ علت جو مستدل نے پیش کی ہے، اس کے ساتھ کسی اور علت کا تعارض واقع ہو جائے، جو اس علت کو جاری ہونے سے روک دے۔ اور اگر ایسا نہ ہو (یعنی مذکورہ شرائط نہ پائی جائیں) تو حکم میں توقف کیا جائے گا۔"

یعنی نقض کا اعتبار تب ہے جب علت تامّہ نہ ہو یا علت میں کوئی فرق نہ نکل سکے۔

اگر علت میں مانع یا شرط کا فقدان ہو تو نقض قادح نہیں۔ اگر علت منصوصہ ہو اور نص قطعی ہو تو علت کو نقض سے باطل نہیں کیا جا سکتا۔ اگر علت مستنبطہ ہو اور فرق نہ نکالا جا سکے، تو وہ علت باطل ہو جائے گی۔

**دوسرا اعتراض: الکَسر**

**تعریف و مفہوم**

دوسرا اعتراض کسر ہے جو کسی معلَّل حکم کی علّت میں موجود کسی جزوی وصف یا صفت کے ناقص یا غیر مؤثر ہونے پر وارد کیا جاتا ہے۔ یہ اعتراض اس وقت پیش کیا جاتا ہے جب علّت کے کسی جزیا وصف کی موجودگی کے باوجود شرعی حکم مترتّب نہ ہو، یا وہ وصف ایسی صورت میں بھی موجود ہو جس میں وہی حکم نہ پایا جائے۔ گویا "الکسر" ایسی صورت کی نشان دہی ہے جہاں علّت کا مفہوم یا معنیٰ تو موجود ہو، مگر حکم ظاہر نہ ہو، اس طرح وہ علت معنوی اعتبار سے غیر مؤثر ٹھہرتی ہے۔

**توضیح**

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

یہ اعتراض ان صورتوں میں وارد ہوتا ہے جہاں علّت مرکب ہو، یعنی متعدد اوصاف پر مشتمل ہو، اور ان میں سے کوئی جز (وصف) ایسا ہو جو نہ تو مؤثر ہو اور نہ ہی اصل حکم کے تحقق میں معتبر۔ اس وصف کو حذف یا تبدیل کر کے یہ دکھایا جاتا ہے کہ وہ وصف حکم پر اثر انداز نہیں ہو رہا، لہٰذا علّت میں اس کا داخل ہونا محلِ نظر ہے۔

مثلاً روایت ہے:

"كان المصطفى صلَّى اللهُ عليه وسلَّم يأتي دارَ قَومٍ من الأنصارِ، ودونَهم دارٌ، فشَقَّ عليهم فقالوا: تأتي دارَ فُلانٍ ولا تأتي دارَنا؟ قال :إنَّ في دارِكم كلبًا .قالوا: فإنَّ في دارِهم سِنَّورًا. فقال: السِّنَّورُ من أهلِ البيتِ، وإنَّه من الطَّوَّافين أو الطَّوَّافاتِ عليكم"[14]

"رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انصار کے ایک قبیلے کے گھر تشریف لے جایا کرتے تھے، اور ان کے اور اس گھر کے درمیان ایک اور گھر واقع تھا۔ (یعنی اس گھر سے پہلے دوسرے لوگوں کا گھر تھا)، تو یہ بات ان پر (یعنی درمیان والوں پر) گراں گزری۔ انہوں نے عرض کیا: آپ فلاں کے گھر تشریف لے جاتے ہیں لیکن ہمارے گھر نہیں آتے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے گھر میں کتا ہے۔ انہوں نے کہا: ان کے گھر میں تو بلی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلی تو گھر والوں میں سے ہے، اور وہ تمہارے ارد گرد گھومنے والوں میں سے ہے۔"

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ "بلی" کتے سے مشابہ ہونے کے باوجود حکمِ نجاست کا سبب نہیں بنی۔ پس، بلی کی موجودگی "کسر" کی مثال ہے، کیونکہ وصف (جانور کی موجودگی) موجود ہے مگر حکم (نجاست) مترتب نہیں ہوا۔

**ائمہ کے اقوال**

امام آمدی اور ابن الحاجب کے نزدیک "الکسر" دراصل نقض کی ایک معنوی صورت ہے، یعنی ایسی حالت جہاں علّت کے معنوی اجزاء باقی ہوں مگر ان سے حکم مترتب نہ ہو۔ وہ اسے نقض معنوی (لا نقض لفظي) قرار دیتے ہیں۔

شیخ ابو اسحاق الشیرازي نے "الکسر" کو ایک معتبر فقہی قادح تسلیم کرتے ہوئے اسے علت کی جانچ اور تنقیح کا اہم ذریعہ قرار دیا ہے۔ اکثر اصولیین بالخصوص متأخرین نے اسے علّت پر قادح اور معتبر اعتراض تسلیم کیا ہے، اور کہا کہ یہ فقہی علت کی اصلاح اور صحت کے لئے نہایت مؤثر اور مفید ذریعہ ہے۔

**اختلافِ رائے**

بعض متقدمین اور خراسانی اصولیین کے نزدیک "الکسر" علت کو باطل نہیں کرتا، کیونکہ ان کے نزدیک علت شرعی ہوتی ہے، اور اس کے مفہوم میں وسعت ہوتی ہے۔ مگر دیگر علماء بالخصوص متکلمین کے ہاں، "الکسر" علت کے غیر مؤثر یا باطل ہونے کا قوی قرینہ شمار ہوتا ہے۔

**کسر اور نقض میں فرق**

نقض میں علت کی موجودگی کے ساتھ حکم کی عدم موجودگی کو ظاہر کیا جاتا ہے تاکہ علت کی کلی بطلان ثابت ہو۔

کسر میں علت کے کسی جزیا وصف کو ناقص یا غیر مؤثر قرار دے کر جزوی بطلان یا اصلاح کی طرف توجہ دلائی جاتی ہے۔

**نتیجہ و خلاصہ**

"الکسر" علت کے اجزاء کی جانچ کا ایک مؤثر ذریعہ ہے، جس سے علت میں موجود غیر مؤثر اوصاف کو واضح کیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد علت کی

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

اصلاح یا اس کے ترک پر دلیل فراہم کرنا ہوتا ہے۔

اکثر اصولیین کے نزدیک یہ اعتراض معتبر، علمی اور قادح ہے، اور اسے "نقض معنوی" کا درجہ حاصل ہے۔

**تیسرا اعتراض: عدمُ العکس۔(علّت کی غیر موجودگی کے باوجود حکم کا پایا جانا)**

اعتراض یہ ہے کہ اگر کسی مقام پر حکم تو موجود ہو مگر وہ علّت نہ ہو جسے اصل مسئلہ میں حکم کی بنیاد قرار دیا جارہا ہے، تو اس سے علّت پر اعتراض وارد ہوتا ہے کہ وہ "لازم" نہیں، یعنی وہ حکم کے ساتھ ہمیشہ نہیں پائی جاتی۔ اس کا نام "عدم العکس " ہے، اور یہ اعتراض ان صورتوں میں آتا ہے جہاں اصل قیاس میں ایک خاص علّت کی بنا پر ایک حکم دیا گیا ہو، لیکن کسی دوسری مثال میں وہی حکم کسی دوسری علّت سے موجود ہو۔

یہ اعتراض دو اصولی مقدمات پر مبنی ہے:

(1) کیا "عکس" (عکسِ علّت) علّت کی شرط ہے؟

یہ ایک اصولی اختلاف ہے، بعض اصولیّن کے نزدیک علّت کو قابلِ انعکاس (معکوس) ہونا چاہیے، یعنی جہاں حکم ہو وہاں علّت بھی ہونی چاہیے۔ مگر جمہور (اکثر) اصولیّن کے نزدیک عکس علّت کے ثبوت کے لیے شرط نہیں۔ اس لیے اگر کہیں علّت نہ ہو مگر حکم کسی اور سبب سے موجود ہو، تو یہ قیاس کو باطل نہیں کرتا۔

امام الحرمین فرماتے ہیں:

"إذا قلنا: إن اجتماع العلل على معلول واحد غير واقع " أي كما هو اختياره " فالعكس لازم ما لم يثبت الحكم عند انتفاء العلة بتوقيف. لكن لا يلزم المستدل بيانه. بخلاف ما ألزمناه مثله في النقض"[15]

"اگر ہم یہ کہیں کہ متعدد علّتیں ایک ہی حکم میں جمع نہیں ہو سکتیں، تو پھر عکس لازم آئے گا جب تک توقیف (نص یا اجماع) سے حکم کی موجودگی علّت کی غیر موجودگی میں ثابت نہ ہو۔ لیکن اس کا بیان کرنا مجتہد پر لازم نہیں، بر خلاف اعتراضِ نقض کے، جہاں تفصیل ضروری ہوتی ہے۔"

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ امام الحرمین "عدم العکس" کو کم درجے کا اعتراض شمار کرتے ہیں۔

(2) کیا ایک ہی حکم مختلف علّتوں سے ثابت ہو سکتا ہے؟

یہ دوسرا اصولی مسئلہ ہے اگر ہم کہیں کہ ایک ہی حکم مختلف علّتوں سے ہو سکتا ہے، تو اعتراضِ "عدم العکس "معتبر نہیں ہوگا۔ یہی رائے امام رازی، امام حرمین، اور امام آمدی جیسے بڑے اصولیّین کی بھی ہے۔ امام الآمدی کا کہنا ہے:

"عکس کا اعتراض صرف اس وقت وارد ہوتا ہے جب دونوں فریق اس بات پر متفق ہوں کہ حکم کی صرف ایک ہی علّت ہے۔"

یعنی اگر مختلف علّتوں کی گنجائش تسلیم کی جائے، تو اعتراضِ عکس غیر مؤثر ہو جاتا ہے۔ یعنی اعتراضِ "عدم العکس" اس وقت قوی ہوتا ہے جب قیاس کرنے والا دعویٰ کرے کہ یہ علّت ہی واحد سبب ہے اس حکم کے لیے۔

اگر متعدد علّتوں کی گنجائش تسلیم کی جائے (جو جمہور کا موقف ہے)، تو اس اعتراض کی قوت باقی نہیں رہتی۔

امام الحرمین اور الآمدی دونوں اس اعتراض کو نقض سے کمتر درجہ دیتے ہیں، اور اس کے رد کے لیے مفصل جواب کی ضرورت بھی نہیں سمجھتے۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

**چوتھا اعتراض: عدم التأثیر (اثر نہ ڈالنے کا اعتراض)**

عدم التأثیر کا اعتراض کہتا ہے کہ بعض صورتوں میں وہ وصف یا علّت جو حکم کی بنیاد ہوتی ہے، اس کا کوئی اثر (تاثیر) حکم پر نہیں ہوتا، یعنی حکم علّت کے بغیر بھی قائم رہ سکتا ہے۔ اگر علّت کا کوئی اثر نہ ہو تو یہ علّت حکمی دلیل میں بے معنی یا ناکافی ہو جاتی ہے۔

**ابن الصباغ کی رائے**

یہ اعتراض سب سے مضبوط اعتراضات میں سے ہے، کیونکہ اگر وصف کا حکم پر کوئی اثر نہ ہو تو پھر وہ وصف علّت نہیں بن سکتا۔ فقہاء کہتے ہیں کہ "اگر حکم کسی علّت سے جُڑا ہے تو وہ حکم علّت کے زوال کے ساتھ زائل ہو جاتا ہے"۔ مثلاً: حکم ربا (ربا حرام ہونا) علّت ربا کے بغیر نہیں ثابت ہوتا، اور اس کا ثبوت امام شافعی نے محمد بن حسن کے ساتھ مباحثے میں بھی استعمال کیا۔

**ابن السمعانی کی رائے**

اگر کوئی کہے کہ علّت کا کوئی اثر نہیں ہے تو وہ صحیح نہیں کیونکہ جو علّت صحیح ہے اس کا اثر دلیل سے ثابت ہوتا ہے۔ اگر اعتراض کیا جائے تو معقول طریقے سے معیّن کرنا چاہیے کہ علّت کا اثر کہاں ہے اور کہاں نہیں۔

**علماء کے مکاتب فکر**

علماء نے عدم التأثیر کو کئی اقسام میں تقسیم کیا ہے، جن میں اہم چار درج ذیل ہیں:

**اقسام عدم التأثیر:**

1۔ عدم التأثیر في الوصف (وصف کا اثر نہ ہونا)

یہ دراصل "عدم العکس" کا معاملہ ہے، مثلاً نماز صبح قصر نہیں کی جاتی، اس لیے اس کی اذان کو وقت سے پہلے نہیں دیا جا سکتا" یہاں "قصر نہ کرنا" وصف پیشگی اذان کے منع ہونے کے لیے ایک مؤثر سبب نہیں بلکہ ایک طردی (مستثنیٰ) وصف ہے۔

2۔ عدم التأثیر في الأصل (اصل میں اثر نہ ہونا)

یہ صورت اس وقت ہے جب اصل میں علّت کا کوئی اثر نہیں ہوتا کیونکہ دوسرے معنی یا علل مقصد کو پورا کر رہے ہوتے ہیں، مثلاً "غائب کا بیع" جو نظر نہ آتا ہو، اس کا کوئی اثر نہیں کیونکہ "بیع کا عدم تسلیم" ہی کافی ہے۔ اس قسم میں بعض علماء کے نزدیک علّت کا ذکر فضول یا لغو ہو سکتا ہے۔

3۔ عدم التأثیر في الأصل والفرع (اصل اور شاخ دونوں میں اثر نہ ہونا)

یہ اس وقت ہے جب علّت یا وصف حکم میں نہ ضروری ہو نہ غیر ضروری۔ مثال جمعہ فرض ہے" کا ذکر، جبکہ فرض نماز بغیر امام کے بھی ادا کی جا سکتی ہے۔ "فرض ہونا" کا ذکر غیر ضروری ہے لیکن مثال کے طور پر دیا جاتا ہے تاکہ شبہ دور ہو۔

4۔ عدم التأثیر في الفرع (شاخ یا جزو میں اثر نہ ہونا)

اگر کوئی اپنی شادی خود کر لے، لیکن غیر کفء سے، تو "غیر کفء ہونا" اس حکم پر اثر نہیں رکھتا کیونکہ کفء کا مسئلہ الگ ہے۔

5۔ عدم التأثیر في الحکم (حکم پر اثر نہ رکھنے والا وصف)

مثلاً مرتد کے مال تلف کرنے کا حکم صرف ان لوگوں پر ہے جو "دار الحرب" میں ہیں۔ لیکن "دار الحرب" کا وجود اس حکم کی حکمت میں کوئی دخل نہیں رکھتا، یعنی اگر دار الحرب نہ ہو تب بھی حکم برقرار ہے۔

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

خلاصہ :عدم التأثیر اعتراض کہتا ہے کہ بعض وصف یا علل جو حکم کی بنیاد بنتی ہیں، ان کا حکم پر کوئی اثر نہیں ہوتا، اور اگر ایسا ہو تو وہ علّت یا وصف دلیل میں ناکافی یا لغو ہو جاتے ہیں۔ فقہاء نے اس اعتراض کی مختلف صورتوں کو سمجھنے کے لیے کئی اقسام بنائیں، جن میں سے کچھ کو رد کیا گیا اور کچھ کو قبول کیا گیا۔ اصل بات یہ ہے کہ حکم کا علّت سے جُڑنا لازمی ہے، اور اگر علّت کا کوئی اثر نہ ہو تو وہ علّت صحیح نہیں۔

**پانچواں اعتراض :القلب**

قلب" ایک جدلی اعتراض ہے، جس کے ذریعے معترض یہ ظاہر کرتا ہے کہ دلیلِ مستدل درحقیقت اسی کے خلاف دلالت کرتی ہے۔ امام آمدی کے مطابق:

"أن قلب الدليل هو أن يبين القالب أن ما ذكره المستدل يدل عليه لا له، أو يدل عليه وله"[16]

یعنی قائل (القالب) واضح کرتا ہے کہ مستدل کی پیش کردہ علت یا دلیل اسی کے خلاف دلالت کرتی ہے۔ مثلاً، احناف کا

"الخال وارث من لا وارث له"[17]

سے خال کے لیے میراث کا اثبات کرنا، جبکہ معترض کہتا ہے کہ یہ حدیث تو نفیِ وراثت پر مبالغہ کے ساتھ دلالت کرتی ہے، یعنی "خال وارث نہیں"۔

امام رازی کے مطابق، قلب تب معتبر ہوگا جب مستدل و معترض کا اصل ایک ہو، کیونکہ اگر اصل بدل جائے تو یا تو علت کا نقض ہوگا یا ایک نیا قیاس بنے گا۔

علامہ ہندی اس تعریف پر تنقید کرتے ہیں کہ یہ تعریف غیر جامع ہے، کیونکہ قلب صرف قیاس پر موقوف نہیں، بلکہ غیر قیاسی دلائل میں بھی واقع ہوتا ہے۔

**اعتبارِ قلب**

قلب کی اعتباری حیثیت پر اختلاف ہے، بعض کے نزدیک اگر علت ایک سے زائد متنافی احکام پر دلالت کرے تو یہ علت کی فساد کی دلیل نہیں، کیونکہ ایک علت کبھی دو غیر متنافی احکام پر بھی دلالت کر سکتی ہے۔ مگر جمہور کا موقف ہے کہ اگر علت دو متناقض احکام پر دلالت کرے، تو قلب کے ذریعے اسے باطل قرار دینا ممکن ہے۔

امام الحرمین نے کہا کہ علت کا ایک حکم پر دلالت کرنا اور پھر اس کا قلب دوسرے حکم پر، یہ جدلی اشکال ہے، نہ کہ دینی۔ ابن المنیر کے مطابق علت ایک ہی وقت میں متناقض احکام پر دلالت نہیں کر سکتی، لیکن اگر یہ دونوں احکام فرع میں اکٹھے نہ ہو سکیں تو باہمی تناقض مفروضاتی (تواضعی) ہوگا، حقیقی نہیں۔

کیا قلب قادح ہے؟

اس مسئلے میں بھی اختلاف ہے، بعض علماء کے نزدیک قلب علت کو باطل کرنے والا (قادح) اعتراض ہے، اور علت کی افادیت ختم کر دیتا ہے۔ دیگر حضرات، خصوصاً امام ابو اسحاق الشیرازی، کے مطابق یہ "معارضہ" ہے نہ کہ "نقض"، اس لیے علت کو فاسد نہیں کرتا، جب تک کہ خارجی طور پر ترجیح نہ دی جائے۔

امام الباجی نے اس مسئلے کی دو اقسام بیان کیں:

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES

ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

1۔ قلب جمیع اوصاف العلۃ :اگر معترض علت کے تمام اوصاف کو استعمال کر کے اس پر مخالف حکم ثابت کرے، تو یہ علت کو مکمل طور پر باطل کر دیتا ہے۔

2۔ قلب بعض اوصاف العلۃ :اگر معترض صرف بعض اوصاف سے قلب کرے، تو یہ علت کا رد نہیں بلکہ معارضہ شمار ہو گا۔

**اقسامِ قلب**

قلب کی مختلف صورتیں بیان کی گئی ہیں:

1۔ قلب الحکم المطلوب :جب معترض مستدل کے مطلوب حکم کی ضد کو دلیل کے ساتھ ثابت کرے۔ یہ یا تو صریحاً ہو، جیسے بیع فضولی میں اختلاف؛ یا ضمناً ہو، جیسے اعتکاف میں صوم کی شرط کے مسئلے میں۔

2۔ قلب التسویۃ :جب اصل میں دو احکام ہوں، اور معترض اس بنیاد پر فرع میں بھی دونوں کی مساوات پر زور دے، تو مستدل کا مدعا باطل ہو جائے گا۔ مثلاً، "طلاقِ مکرہ" اور "وضو میں نیت" جیسے مسائل۔

**القلب اور المعارضۃ میں فرق**

قلب مستدل کی دلیل ہی کے اندر تضاد ظاہر کرتا ہے، جبکہ معارضۃ ایک الگ دلیل سے مقابلہ کرتی ہے۔

قلب میں اصل اور علت وہی رہتی ہے جو مستدل نے ذکر کی، جبکہ المعارضۃ میں علت اور اصل بدل سکتے ہیں۔

القلب مفروضاتی (تواضعی) تناقض پر مبنی ہے، جبکہ المعارضۃ حقیقی تناقض پر۔

المعارضۃ میں دلائل کے مابین ترجیح ممکن ہے، لیکن القلب محض دلیل کو باطل کرنے کے لیے ہوتا ہے۔

**چھٹا اعتراض: القول بالموجب**

"القول بالموجب" کا مطلب ہے کہ معترض مستدل کے بیان کردہ استدلال یا دلیل کے نتیجے (مقتضی) کو تسلیم کر لیتا ہے، لیکن اصل محلِ نزاع میں اختلاف برقرار رہتا ہے۔ یعنی معترض یہ نہیں کہتا کہ دلیل غلط ہے، بلکہ کہتا ہے کہ وہ دلیل محلِ نزاع کو ثابت نہیں کرتی۔ یہاں "الموجب" (بکسر الجیم) سے مراد وہ دلیل ہے جو کسی حکم کو واجب کرتی ہے، اور "القول بالموجب" (بفتح الجیم) کا مطلب ہے کہ دلیل کے نتیجے کو تسلیم کرنا لیکن اس سے وہ حکم لازم نہیں آتا جو مستدل بیان کر رہا ہے۔

امام رازی نے اس کی تعریف مندرجہ ذیل کی ہے:

"وحده تسليم ما جعله المستدل موجب العلة مع استبقاء الخلاف"[18]

"اور اس کی تعریف تسلیم کرنا ہے جسے مستدل نے موجب علت بنایا ہے، اختلاف اقی رکھتے ہوئے۔"

زرکشی رحمہ اللہ کا تبصرہ یہ ہے کہ "موجب العلّۃ" سے اس کی تعریف کرنے سے ہے، یہ قیاس تک محدود ہو جاتی ہے، حالانکہ "القول بالموجب" وسیع تر مفہوم رکھتا ہے۔ اس میں اشکال یہ ہے کہ اگر دلیل محلِ نزاع پر دلالت ہی نہ کرے تو وہ دلیل معتبر ہی نہیں، اور اگر وہ محلِ نزاع پر دلالت کرے تو پھر "القول بالموجب" کی کوئی گنجائش نہیں۔

اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ مستدل بعض اوقات یہ گمان کرتا ہے کہ معترض صرف کسی مانع کی بنا پر اس کے مقدمے کو نہیں مان رہا۔ لہٰذا وہ دلیل اس مانع کو رد کرنے میں پیش کرتا ہے۔ لیکن اگر معترض اس مانع کو مانتا ہی نہیں، یا وہ مانع محلِ نزاع سے مختلف ہو، تو مستدل کی دلیل غلط محل پر وارد

ہو جاتی ہے۔ ایسے میں معترض کہہ سکتا ہے:

"میں تمہاری دلیل کو مانتا ہوں، لیکن وہ محلِ نزاع پر دلالت نہیں کرتی۔ یہی "القول بالموجب" ہے۔

ابن المنیر نے اس تعریف پر اعتراض کیا کہ صرف "تسلیم مقتضی مع بقاء النزاع" کہہ دینا کافی نہیں، کیونکہ بسا اوقات یہ محض غلط فہمی کی تصحیح ہوتی ہے، نہ کہ "القول بالموجب"۔ اس لیے انہوں نے شرط لگائی کہ مستدل کی غلطی کے لیے عذر معتبر ہونا چاہیے، تاکہ معترض کا جواب محض عناد نہ لگے۔

الشیخ محیي الدین القریمیسی نے اس کو "بیانِ انحرافِ دلیل" کہا ہے، یعنی مستدل کی دلیل محلِ نزاع سے ہٹی ہوئی ہے۔ اس لحاظ سے "القول بالموجب" حقیقی تسلیم نہیں بلکہ تسلیم کا اظہار بطورِ توبیخ ہے۔ اس کے مطابق اگر واقعی دلیل محلِ نزاع سے ہٹی ہوئی ہو مستدل منقطع، اگر نہیں تو معترض منقطع۔

اس نظریاتی اختلاف سے دو فرعی مسائل پیدا ہوتے ہیں:

کیا "القول بالموجب" کو دوسرے اعتراضات کے بعد لانا ضروری ہے؟

کیا اس سے معترض یا مستدل کا انقطاع لازم آتا ہے؟

اس کی ممکنہ صورتیں یہ ہیں اگر معترض دلیل کا مقتضی تسلیم کرلے اور وہی محلِ نزاع ہو: مستدل کامیاب، معترض منقطع۔

اگر دلیل محلِ نزاع سے ہٹی ہو: مستدل منقطع۔

**معترض کے اعذار**

مستدل سمجھتا ہے کہ معترض مقتضی مانتا ہے، جبکہ وہ نہیں مانتا۔

مستدل جس مانع کو رد کرتا ہے، وہ معترض کے ہاں سرے سے مانع نہیں۔

مستدل دلیل میں ایک مقدمہ ذکر کرتا ہے، دوسرا نہیں، اور معترض وہی ذکر کردہ مقدمہ مان لیتا ہے۔

مستدل محلِ نزاع سے باہر دلیل دیتا ہے اور معترض اس پر "القول بالموجب" کہہ کر اصل محلِ نزاع میں اختلاف باقی رکھتا ہے۔ قرآنی مثال:

"لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَ لِرَسُوْلِهٖ"[19]

یہ آیت جواب ہے منافقین کے قول کا:

"لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ"[20]

انہوں نے اپنے لیے عزت کا دعویٰ کیا تھا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ عزت تو اللہ، اس کے رسول اور مؤمنین کے لیے ہے، اس لیے اگر عزت رکھنے والا نکالے گا تو منافقین ہی نکالے جائیں گے۔

**فرق معارضة سے**

القول بالموجب: دلیل محلِ نزاع سے ہٹی ہوئی ہے۔

المعارضة: دلیل محلِ نزاع سے متعلق ہے لیکن معترض اس کا جواب ایک متوازی دلیل سے دیتا ہے۔

**مختلف اقوال**

بعض اصولی اسے قوادح العلۃ میں شمار کرتے ہیں، کیونکہ جب معترض دلیل کا نتیجہ مان لے مگر اصل حکم نہ مانے تو دلیل محلِ نزاع پر وارد نہیں ہو رہی۔

بعض اصولی اسے اعتراض ہی نہیں مانتے، کیونکہ اس میں دلیل کی موافقت کی جاتی ہے۔ امام الحرمین نے اسے اعتراض مانا اور درست بھی کہا۔

**ابن السمعانی کا اصول**

اگر معترض کا قول "ممَانَعة" (روکنے) کے انداز میں ہو تو وہ معتبر سوال بن جاتا ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ دلیل کا مقتضی محلِ نزاع کو نہ چھوڑ رہا ہو۔

**ساتواں اعتراض: الفرق (سوالِ المعارضۃ)**

یہ قیاس پر وارد ہونے والے اعتراضات میں سے ساتواں اعتراض ہے، جسے الفرق، سوال المعارضۃ یا سوال المزاحمۃ کہا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ معترض اصل (اصلِ قیاس) میں کوئی ایسا وصف پیش کرتا ہے جو یا تو علتِ مستقل کے طور پر یا علت کا جزو ہو سکتا ہے، اور وہ وصف فرع میں موجود نہیں ہوتا۔ اس فرق کی دو شرائط ہیں: پہلی یہ کہ اصل اور فرع میں واقعی کوئی ایسا فرق موجود ہو جو مؤثر ہو، کیونکہ ہر فرق قابلِ اعتبار نہیں ہوتا، اور دوسری یہ کہ وہ فرق جامع علت کے مقابلے میں زیادہ خاص (أخص) ہو تاکہ اسے اس پر مقدم کیا جا سکے یا کم از کم مساوی ہو تاکہ تعارض واقع ہو۔

علمائے اصول میں اس کی حقیقت پر اختلاف ہے۔ جمہور کے نزدیک فرق کی حقیقت یہ ہے کہ وہ اصل اور فرع کے درمیان قیاس کے ربط کو کاٹ دیتا ہے، جبکہ بعض جدلیین کے مطابق یہ محض الحاق سے منع کرنے کی ایک صورت ہے۔ اس بنیاد پر اختلاف یہ بھی ہے کہ اگر فرق اصل میں بیان کیا جائے تو کیا اس کا عکس فرع پر لازم ہے؟ بعض علماء کے نزدیک لازم ہے کیونکہ فرق کا مقصد ہی تفریق ہے جو دو اجزاء سے بنتی ہے: اصل میں وصف کی موجودگی اور فرع میں اس کا عدم، جبکہ دوسروں کے نزدیک عکس لازم نہیں کیونکہ اصل میں وصف کا ذکر علت کے اثبات کو روکتا ہے۔

اس اعتراض کی حجیت پر بھی تین اقوال ملتے ہیں:

1۔ بعض کے نزدیک یہ فرق مردود ہے کیونکہ یہ علت کے اثبات کو نہیں روکتا، خاص طور پر جب اصل میں ایک سے زیادہ علتیں ہو سکتی ہیں، اور ان میں سے ایک علت فرع میں موجود ہو تو قیاس درست ہوگا۔ امام الحرمین نے بعض اصولیوں سے یہی موقف نقل کیا ہے، مگر اسے خود ناقابلِ اعتبار کہا ہے۔

2۔ دوسرا موقف یہ ہے کہ فرق بذاتِ خود مستقل اعتراض نہیں بلکہ اصل یا فرع دونوں میں معارضہ کی ایک صورت ہے۔

اور تیسرا قول، جو امام الحرمین اور محققین نے اختیار کیا ہے، یہ ہے کہ فرق ایک صحیح اور قوی اعتراض ہے، لہذا البرھان میں لکھتے ہیں:

"وذهب معظم المحققين إلى قبول الفرق"[21]

"اور زیادہ تر محققین فرق کو قبول کرتے ہیں"

کیونکہ اگر جامع علت کے مقابلے میں زیادہ خاص وصف بیان کر دیا جائے تو وہ اس علت کو کالعدم کر دیتا ہے اور اس طرح قیاس ٹوٹ جاتا ہے۔

چنانچہ امام الحرمین نے البرھان میں اسے قیاس پر وارد ہونے والا سب سے قوی اعتراض قرار دیا ہے۔

3۔ شیخ ابو اسحاق نے بھی الملخص میں اسے نظر کے باب میں سب سے اعلیٰ درجہ کی چیز کہا ہے، کیونکہ علت کی صحت کی شرط ہی یہ ہے کہ وہ کسی

QUALITATIVE RESEARCH JOURNAL FOR SOCIAL STUDIES
ISSN Online: 3006-4686, ISSN Print: 3006-4678
Volume No: 02 Issue No: 03 (2025)

معارضہ سے خالی ہو۔

ابن السمعانی نے فرق کو کمزور اعتراض قرار دیا ہے اور امام الحرمین کی باتوں پر سخت تنقید کی ہے۔ ان کے نزدیک فرق تبھی معتبر ہو گا جب وہ معنی مؤثر ہو، ورنہ وہ محض صوری فرق ہے جس کا اعتبار نہیں۔

خلاصہ یہ کہ فرق اگر اس وصف کو ظاہر کرے جو جامع علت کے مقابلے میں زیادہ خاص ہو اور اس کی وجہ سے علت کی تاثیر باطل ہو جائے تو یہ قادح اور قابلِ قبول اعتراض ہے۔ اور اگر ایسا نہ ہو تو وہ ناقابلِ التفات ہو گا۔ امام الزرکشی نے تمام اقوال کا تجزیہ پیش کرتے ہوئے اس اعتراض کی اہمیت کو واضح کیا ہے اور جمہور کے اس قول کو راجح قرار دیا ہے کہ یہ سوالِ فرق قیاس کو توڑنے کی ایک مؤثر اور قوی صورت ہے۔

**آٹھواں اعتراض: الاستفسار**

الاستفسار اصولِ استدلال میں اعتراضات سے پہلے مقدمہ کی حیثیت رکھتا ہے، جسے ابن الحاجب نے بھی اپنی تصنیف میں مقدم اعتراضات کے طور پر پیش کیا ہے۔ ابن حاجب اس کی تعریف کرتے ہیں:

"لاستفسار، وهو: طلب معنى اللفظ لإجمال أو غرابة"[22]

